Specc

بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۴/۲۰۱۳ مورخہ ۲۳/جنوری ۲۰۱۷

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = قرارداد نمبر ۱۱۹ منجانب آغا سید لیاقت علی۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۱۳/جنوری ۲۰۱۷ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۱۱۹ منجانب آغا سید لیاقت علی برائے اطلاع و کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔

قرارداد نمبر ۱۱۹۔

ہرگاہ کہ سال ۲۰۱۵ میں یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن آف پاکستان کیجانب سے صوبہ کے یوٹیلیٹی اسٹورز کیلئے اخبارات میں مختلف خالی آسامیوں پر ابتدائی بھرتیوں کیلئے اِشتہارات مشتہر کئے گئے۔ بے روزگار نوجوانوں نے ملازمت کی حصول کی غرض سے، درخواستیں بھی جمع کروائیں لیکن تاحال اِن خالی آسامیوں کو پُر نہیں کیا گیا ہے۔ جبکہ دوسری جانب صوبہ کے مختلف اسٹورز خاص کر ضلع پشین کے یوٹیلیٹی اسٹورز میں خدمات سرانجام دینے والے ملازمین بلاوجہ برطرف کر دیئے گئے جسکی وجہ سے اِن ملازمین اور بے روزگار نوجوانوں میں احساس محرومی اور بے چینی پائی جاتی ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے۔ کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ ملازمت سے برطرف کیئے گئے صوبہ بلوچستان کے یوٹیلیٹی اسٹورز کے ملازمین کو بحال کرنے کے ساتھ ساتھ مشتہر کردہ آسامیوں پر حقدار اُمیدواروں کی تعیناتی بھی عمل میں لائے۔

/

(رحمت اللہ خٹک)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

1) بخدمت جناب آغا سید لیاقت علی/محرک قرارداد۔
2) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
3) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
4) ڈی۔جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
5) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
6) سیکرٹری وزارت پیداوار، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
7) سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
8) جنرل منیجر یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن، بلوچستان کوئٹہ۔
9) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

(شمس الدین)

شریک معتمد، (سوالات)

Scanned with CamScanner